JS BANK

# جے ایس پنشنر لون
## پراڈکٹ کے کلیدی حقائق کا بیان

| | |
|---|---|
| **الف۔ آپ کی مالی ضروریات:** | |
| قرض کا نام | جے ایس پنشنر لونز |
| قرض کی رقم | ____________ روپے (کم از کم -/60,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ -/40,00,000 روپے) |
| فنانسنگ کی مدت | 48 ماہ تک کی مدت کے لیے مجموعی تنخواہ کا 4 گنا<br>18 تا 36 ماہ کی مدت کے لیے مجموعی تنخواہ کا 3 گنا ______ مہینے<br>12 تا 18 ماہ کی مدت کے لیے مجموعی تنخواہ کا 2 گنا ______ مہینے |
| آپ پر کتنا مارک اپ عائد کیا جائے گا؟ | ایچ بی سی: ایک سالہ کائبور+ ______ فیصد سالانہ (متغیر شرح)<br>این ٹی آئی: ایک سالہ کائبور+ ______ فیصد سالانہ (متغیر شرح)<br>نوٹ: منظوری کے مہینے کے پہلے دن سے ایک سالہ کائبور لاگو ہوگا۔ ہر کیلنڈر سال میں کائبور کو دوبارہ مقرر (ری پرائس) کیا جاتا ہے |
| **ب۔ اس لون کی تخمینی لاگت:** | |
| قابل ادائیگی ماہانہ قسط (ای ایم آئی) کتنی ہو گی؟ | ______ *= (ای ایم آئی) قرض کی رقم + کریڈٹ پروٹیکٹر چارجز + منافع<br>(اے پی آر × قرض کی مدت) / قرض کی مدت (مہینوں میں)<br>* یہ ایک اندازے پر مبنی مالیت ہے اور حتمی رقم ادائیگی کے بعد فراہم کیے جانے والے ری پیمنٹ شیڈول کے ذریعے بتائی جائے گی۔ |
| جے ایس ایلیٹ قرض کے لیے آپ کل کتنی رقم ادا کریں گے؟ | ______ *= ای ایم آئی * (مدت مہینوں میں)<br>* یہ ایک اندازے پر مبنی مالیت ہے اور حتمی رقم ادائیگی کے بعد فراہم کیے جانے والے ری پیمنٹ شیڈول کے ذریعے بتائی جائے گی۔ |
| آپ کو اور کون سے چارجز ادا کرنا ہوں گے؟ | پروسیسنگ فیس: -/4,000 روپے یا قرض کی رقم کا 1.25 فیصد (جو بھی زیادہ ہو) (ایف ای ڈی لاگو ہو گی)<br>خواتین، بزرگ شہریوں اور معذور افراد کے لیے پروسیسنگ فیس میں 50 فیصد رعایت (بشمول دستاویزات کے چارجز، تصدیق اور اسٹیمپ ڈیوٹی)<br>یہ رقم قرض تقسیم کرنے سے پہلے قرض کی رقم سے منہا کی جائے گی۔ |
| | قرض میں اضافہ / ٹاپ اپ فیس: -/4,000 روپے یا قرض کی رقم کا 1.25 فیصد (جو زیادہ ہو) (ایف ای ڈی لاگو ہو گی) |
| | کم از کم بیلنس پر جرمانہ: صفر |
| | پے آرڈر کے اجرا کے چارجز: صفر |
| | پے آف شیٹ کے دوبارہ اجرا کے چارجز: صفر |
| | قانونی دستاویزات یا عدالتی اخراجات: اصل کے مطابق |
| کریڈٹ پروٹیکٹر | ماہانہ قسط پر 0.3 فیصد کریڈٹ پروٹیکٹر عائد ہو گا — ٹیکس فائلر: ☐ ہاں ☐ نہیں |
| آئندہ کی تاریخ کے چیک کی شرط | جی ہاں، ایک سال کے لیے 2 چیک (ایک چیک 6 ماہ کی ای ایم آئیز کے برابر ہو گا) |
| **ج۔ قبل از وقت ادائیگیاں:** | |
| کیا قرض میعاد سے پہلے ادا کیا جا سکتا ہے؟ | جی ہاں |
| قرض میعاد سے پہلے کیسے ادا کیا جا سکتا ہے؟ | قریبی جے ایس بی ایل برانچ پر جا کر قبل از وقت ادائیگی کی درخواست دیں یا 24/7 کال سینٹر نمبر پر کال کریں۔ (021-111-654-321) |
| کیا قبل از وقت ادائیگی / قرض ختم کرنے پر اضافی چارجز ادا کرنے ہوں گے؟ | پہلے سال = قرض کی بقایا رقم کا 10 فیصد<br>دوسرے سے تیسرے سال = قرض کی بقایا رقم کا 8 فیصد<br>چوتھے سال = قرض کی بقایا رقم کا 6 فیصد |

JS BANK

## د۔ نادہندگی/تاخیر سے ادائیگی کی معلومات:

**اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہیں تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ کی جے ایس پنشنر لون کی قسط مقررہ تاریخ تک وصول نہ ہوئی تو تاخیر سے ادائیگی کے چارجز عائد کیے جائیں گے۔ تاہم، سہولت کی منسوخی سے قبل، صارف کو ایک نوٹس ارسال کیا جائے گا جس میں وجہ سے آگاہ کیا جائے گا اور مذکورہ نوٹس میں درج مدت کے اندر قرض کی ادائیگی کا مطالبہ کیا جائے گا۔ اگر کسی قرض کی ادائیگی ایک (1) یومِ کار سے زائد تاخیر کا شکار ہو جائے، تو جے ایس بینک کا ایمپلائی بینکنگ ڈپارٹمنٹ ادارے کے ہیومن ریسورس/ اکاؤنٹس/ ایڈمن / فنانس تنظیم کے مجاز ملازم سے رابطہ کرے گا تاکہ قرض لینے والے کی عدم ادائیگی کی اطلاع دی جا سکے، ادائیگی کو آسان بنایا جا سکے یا ملازم کے اختتامِ ملازمت کے فوائد میں سے رقم کاٹ کر 100 فیصد ادائیگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اگر کسی قسط کی ادائیگی وصول نہ ہوئی، تو بینک معاملہ اپنے کلیکشن ڈپارٹمنٹ کو بھیجے گا، اور اگر مسلسل 3 قسطیں ادا نہ کی گئیں، تو معاملہ بینک کے ریکوری ڈپارٹمنٹ کو بھیج دیا جائے گا تاکہ مزید کارروائی کی جا سکے، جس میں قانونی کارروائی بھی شامل ہو سکتی ہے (اگر ضروری ہو)۔ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹیٹ بینک، ای سی آئی بی میں دو سال کی منفی / واجب الادا معلومات (بشمول مگر ان تک محدود نہیں واجب الادا ادائیگیاں، تاخیر سے کی گئی ادائیگیاں، مارک اپ کی منسوخی یا واپسی وغیرہ) شامل کرے گا۔ لہٰذا، آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنی اقساط کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں تاکہ ای سی آئی بی میں کسی بھی قسم کی منفی معلومات کی رپورٹ یا اظہار سے بچا جا سکے۔

**بروقت ادائیگی نہ کرنے پر کون سا جرمانہ عائد ہوگا؟**

| تاخیر سے ادائیگی کے چارجز | تاخیر سے ادائیگی پر چارجز کے حساب کا طریقہ |
|---|---|
| -/1,400 روپے + ایف ای ڈی<br>(اگلی ادائیگی سے وصول کیے جائیں گے) | مقرر چارجز |

ہر ایسی ای ایم آئی جو مقررہ تاریخ پر ادا نہ کی جائے یا تاخیر سے ادا کی جائے، اس پر اگلی قسط کے ساتھ لیٹ پیمنٹ فیس عائد کی جائے گی۔ یہ چارجز اگلی واجب الادا ای ایم آئی کے علاوہ وصول کیے جائیں گے۔ اگر صارف ای ایم آئی کے ساتھ لیٹ پیمنٹ فیس جمع نہ کروائے تو یہ چارجز براہِ راست ڈیبٹ کے ذریعے جمع/وصول کی گئی رقم میں سے کاٹ لیے جائیں گے۔ براہِ مہربانی لیٹ پیمنٹ چارجز سے بچنے کے لیے ای ایم آئی کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں۔

**کیا بینک set-off کا حق استعمال کر سکتا ہے؟**

بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ فراہم کردہ سہولت کو منسوخ کر دے اور صارف کے ڈپازٹ اکاؤنٹس میں موجود کسی بھی کریڈٹ بیلنس کو فنانسنگ اکاؤنٹس میں واجب الادا کسی بھی بقایا رقم کے لیے set-off کر دے

## ہ۔ دیگر اہم معلومات:

**قرض لینے والے/والوں کی وفات کی صورت میں کیا ہوگا؟**

بینک نے تمام جے ایس پنشنر لون صارفین کو کریڈٹ پروٹیکٹر (لازمی) انشورنس فراہم کی ہے۔ صارف کی وفات کی صورت میں، صارف کے قریب ترین رشتہ دار (Next of Kin)، جے ایس بینک کے کال سینٹر سے رابطہ کریں گے یا قریبی جے ایس بینک کی برانچ کا دورہ کریں گے۔

**گارنٹر کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟**

لاگو نہیں (کسی گارنٹر کی ضرورت نہیں)

**ماہانہ اقساط کیسے ادا کی جائیں گی؟**

آپ کی ماہانہ ای ایم آئی (مساوی ماہانہ قسط) جیسا کہ منسلک ادائیگی کے شیڈول میں درج ہے، ڈپازٹ سلِپ کے ذریعے براہِ راست آپ کے متعلقہ ری پیمنٹ اکاؤنٹ میں جمع کروائی جا سکتی ہے۔ (ڈپازٹ سلِپ، چیک یا ڈائریکٹ ڈیبٹ اتھارٹی کے ذریعے براہِ راست آپ کے متعلقہ ری پیمنٹ اکاؤنٹ میں جمع کروائی جا سکتی ہے)۔

**آپ کو کون سی دستاویزات فراہم کی جائیں گی؟**

آفر/ویلکم لیٹر، ادائیگی کا شیڈول، این او سیز (صارف کی درخواست پر)، وغیرہ۔

**رہنمائی اور شکایت کے ازالے کے لیے کہاں رجوع کریں؟**

مزید رہنمائی کے لیے براہِ مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں

- 24/7 فون بینکنگ ٹیم سے 111-654-321 پر
- ای میل ایڈریس: ccu.helpdesk@jsbl.com
- قریبی جے ایس بینک برانچ کا دورہ کریں
- برائے شکایات: https://sunwai.sbp.org.pk

قرض لینے والے کے دستخط اور تاریخ

مجاز بینکر کے دستخط، مہر اور تاریخ